## متحدہ کے تحت کل 15 دسمبر کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں علماء کنونشن منعقد کیا جائے گا،
## مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام شرکت کرینگے، کنونشن سے الطاف حسین خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔14، دسمبر 2009ء

محرم الحرام کے دوران قیام امن، بھائی چارگی کے فروغ اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے تحت منگل 15 دسمبر کو سہ پہر تین بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں علماء کنونشن منعقد کیا جائے گا جس میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے جید علمائے کرام ومشائخ عظام شرکت کریں گے، علماء کنونشن سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ دریں اثناء علماء کنونشن کے سلسلے میں تمام تیاری مکمل کر لی گئی ہیں اور ایم کیوایم کی متحدہ علماء کمیٹی کی جانب سے جید علمائے کرام ومشائخ عظام سے رابطے مکمل کر لیے گئے ہیں۔

## فرمان علی خان قومی ہیرو ہے، پاکستان کے اعلیٰ ترین سول ایوارڈ سے نوازا جائے، فاروق ستار
## 26 نومبر کو جدہ سعودی عرب میں غیر معمولی بارشوں اور سیلاب کے باعث 15 سعودی شہریوں کے جانیں بچا کر شہید ہوئے
## او پی ایف کی جانب سے 5 لاکھ روپے اور او پی ایف ویلی زون فائیو میں پلاٹ دینے کا اعلان
## قومی ہیرو فرمان علی کے والد اور بھائی کے ہمراہ وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار کا اسلام آباد میں پریس کانفرنس

اسلام آباد۔۔۔14، دسمبر 2009ء

وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ 15 سعودی باشندوں کی جانیں بچا کر شہید ہونے والے فرمان علی خان قومی ہیرو ہے جسے پاکستان کے اعلیٰ ترین سول ایوارڈ دینے کی سفارش اور اوورسیز پاکستانی فنڈ (او پی ایف) کی جانب سے 5 لاکھ روپے اور او پی ایف ویلی میں پلاٹ دینے کا اعلان کرتے ہیں فرمان علی سوات کا حقیقی تشخص ہے۔ پیر کو او پی ایف میں شہید فرمان علی کے والد اور بھائی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایسے خاندان کے سپوت فرمان علی خان نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے سعودی عرب کے 15 شہریوں کی جان بچائی 26 نومبر کا یہ واقعہ ہے جب غیر معمولی بارشوں اور سیلاب آیا جن لوگوں نے تعاون کیلئے رضا کارانہ خدمات پیش کیں ان میں ہمارا قومی ہیرو فرمان علی خان بھی ہے بچنے والے سعودی شہریوں نے میڈیا کو اپنے انٹرویو میں ہمارے ہیرو کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ فرمان علی نے جس طرح ہمارا سر فخر سے بلند کیا ہے یہ قوم کیلئے ایک اعزاز ہے دوسروں کو بچاتے ہوئے اپنی جان نثار کر دی سعودی عرب کے میڈیا نے بھی ہمارے ہیرو کو خراج تحسین پیش کیا ہے جبکہ سعودی حکومت اور شاہ عبداللہ نے بھی تعزیت نامہ ارسال کیا ہے۔ فرمان علی سوات کی اصل شناخت ہے اب یہ بات آشکار ہونی چاہئے کہ ایک اصل پاکستانی کا کیا جذبہ ہے ۔انہوں نے کہا کہ میرے علم میں جب یہ بات آئی تو میں نے ان کے والد عمر خان سے رابطہ کیا اور انہیں دفتر مدعو کیا ہم نے ان کے خاندان سے تعزیت کی، سعودی عرب کے سفیر سے وقت لیا اور پسماندگان کے ساتھ سعودی سفیر ملاقات کی، سعودی عرب کے سفیر نے کہا کہ فرمان علی خان صرف پاکستان کا قومی ہیرو نہیں بلکہ سعودی عرب کے دلوں کی دھڑکن بھی ہے سعودی سفیر کو سعودی حکومت کیلئے خط بھی دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ فرمان علی کو اعلیٰ سول اعزاز دیا جائے سعودی عرب نے پہلے ہی جدہ میں ایک سڑک کا نام فرمان علی خان روڈ رکھ دیا ہے جو سعودی عرب کی حکومت سے مالی معاونت ہو سکتی ہو ہم نے سامنے رکھا ہے جبکہ متعلقہ حکام نے ایک خط اپنی حکومت کو ارسال کیا ہے جس میں سول اعزاز اور مالی امداد کی سفارش کی گئی ہے سعودی سفیر نے یہ بھی کہا کہ پسماندگان سرکاری طور پر عمرہ بھی کریں گے پاکستان کے اس ہیرو کی یادگار سعودی عرب میں بھی قائم کریں گے ،انہوں نے او پی ایف اور وزارت او پی ایف نے طے کیا ہے کہ 5 لاکھ روپے کی مالی امداد فرمان علی کے پسماندگان کو ادا کی جائے گی او پی ایف ویلی زون فائیو میں ایک پلاٹ بھی ان کے خاندانوں کو دینے کا اعلان کر رہے ہیں۔ صدر پاکستان اور وزیراعظم پاکستان سے بھی وقت لینے کیلئے کوشاں ہیں تا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے سول اعزاز دیا جائے۔ اس موقع پر فرمان علی خان کے والد عمر رحمان نے کہا کہ مجھے فخر ہے اللہ نے مجھے ایسا بیٹا عطا کیا جس نے اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے 15 لوگوں موت سے بچایا، میرے دیگر بیٹے بھی اس خدمات میں جان دے دیں تو مجھے فخر ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستانی ہو کے ناطے سے فرمان علی نے ثابت کیا ہے پاکستان سعودی عرب کا برادرانہ دوست ہے جس نے ہر مشکل وقت میں ان کا ساتھ دیا ہے۔

## ایم کیوایم ضلع پاراچنار کرم ایجنسی یونٹ احمد زئی کے کارکن حامد حسن اور برنس روڈ سیکٹر یونٹ کے سابق یونٹ انچارج نجم الدین شیخ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ضلع پاراچنار کرم ایجنسی یونٹ احمد زئی کے کارکن حامد حسن اور ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے سابق یونٹ انچارج نجم الدین شیخ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## احمد زئی یونٹ ضلع پاراچنار کے کارکن حامد حسن اور برنس روڈ سیکٹر کے سابق یونٹ انچارج نجم الدین شیخ انتقال کر گئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ضلع پاراچنار کرم ایجنسی یونٹ احمد زئی کے کارکن حامد حسن دل کا دورہ پڑنے اور ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے کارکن نجم الدین شیخ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔حامد حسن کی عمر 20 سال تھی اوران کے سوگواران میں 8 افراد شامل ہیں جبکہ نجم الدین شیخ مرحوم کی عمر 45 سال تھی اوران کے سوگواران میں بیوہ اور تین بچے شامل ہیں۔نجم الدین شیخ مرحوم گزشتہ کئی برس سے جگر کے عارضے کے باعث علیل تھے اور بیماری کے دوران ان کی بینائی بھی ختم ہوچکی تھی۔حامد حسن مرحوم اور نجم الدین شیخ مرحوم کو مقامی قبرستانوں میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حامد حسن اور نجم الدین شیخ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ملک کی تاریخ کی سب سے بڑی ڈکیتی کی ہر پہلو سے تحقیقات کی جائے،ارکان سندھ اسمبلی
## یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ بینک ڈکیتوں میں ملوث سماج دشمن عناصر رقم صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں میں طالبان کی ناپاک سرگرمیوں کیلئے فراہم کرتے ہیں

کراچی۔۔۔14،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی میں ملک کی تاریخ کی سب سے بڑی ڈکیتی کی واردات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بینک ڈکیتی کی ہر پہلو سے تفتیش کی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ بات ماضی میں بھی ریکارڈ پر آچکی ہے کہ بینک ڈکیتیوں میں ملوث سماج دشمن عناصر ڈکیتی کی رقم صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں میں طالبان کی ناپاک سرگرمیوں کیلئے فراہم کرتے ہیں اور کراچی میں ہونے والی حالیہ ڈکیتی بھی ملک بھر کے محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں کروڑوں روپے کی ڈکیتی کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،اس میں ملوث سماج دشمن عناصر کو گرفتار کرکے ان کے مذموم عوام کو بے نقاب کیا جائے۔

## نیوز کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد عادل کے ماموں کے انتقال پر الطاف حسین،رابطہ کمیٹی اور شعبہ جات کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات نیوز کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد عادل کے ماموں ارباب خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد عادل سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،ایم

کیوایم شعبہ اطلاعات، نیوز کمیٹی، ویڈیو کمیٹی، فوٹو کمیٹی، کمیونیکشن میڈیا مینجمنٹ کمیٹی اور دیگر شعبہ جات کے ارکان نے بھی محمد عادل سے ان کے ماموں ارباب خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن طفیل کی والدہ محترمہ تسلیمہ بیگم، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن محمد عمر کے والد محمد قاسم جمعہ، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن محمد شفیق کی اہلیہ محترمہ شہناز شفیق اور ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون یونٹ بھریا روڈ B کے یونٹ انچارج محمد رفیق کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆